بچوں کا رسالہ

Worksheets for kids




اپنے دین کو سیکھیں

رنگ برنگی دنیا میں

Struggling slaves

Kids

تیمم



احمد اپنے گھر والوں کے ساتھ دیہی علاقے میں پکنک کے لئے گیا ۔ عصر کی نماز کا وقت ہوا وضوء کے لئے پانی نہیں ملا۔ احمد الجھن میں پڑ گیا اور یہ فیصلہ کیا کہ پانی ملنے تک نماز ملتوی کرے گا۔



لیکن پھر اس نے والد سے پوچھا اس حالت میں کیا کیا جائے۔ والد نے پانی نہ ملنے کی صورت میں اسے تیمم کرنے کا مشورہ دیا ۔

احمد نے پوچھا : تیمم کیسے کرتے ہیں؟

والد نے جواب دیا : چلو میرے ساتھ تیمم کرو اور تمہیں اس کی تفصیل معلوم ہو جائے ۔



پھر انہوں نے با جماعت نماز ادا کی ۔

صحیح جواب پر ✔ نشان بنائیں

اس کہانی میں کونسا جملہ حل کی طرف عشارہ کرتا ہے ؟

- احمد گھر والوں کے ساتھ گھومنے گیا
- والد نے تیمم کرنے کا مشورہ دیا
- عصر کا وقت ہوا
- اس نے نماز ملتوی کرنے کا ارادہ کیا

وضوء کے لیے پانی نہ ملنے پر احمد نماز ملتوی کرنے کا ارادہ کیسے ہیں ؟

- بہت مناسب
- کسی حد تک مناسب
- بالکل مناسب نہیں
- اس کے لیے کوئی حکم نہیں

تیمم کی حکمت



نماز کو وقت پر ادا کرنا فرض ہے ۔

اسلام کی عظمت ہے کہ جب پانی میسر نہ ہو تو مٹی کو پانی کی جگہ لینے دیتا ہے۔



اس لیے کسی بھی حال نماز نہیں چھوڑنا چاہیے ۔

نماز کو اسکے مقرر وقت پر ادا کرنا چاہیے ۔



اللہ نے ہم پر تیمم کا حکم دے کر بہت بڑا احسان کیا۔
اس کی عبادت کرنے ہمیں آسانیاں عطا فرمائیں ۔

تیمم کا طریقہ

1️⃣ دل میں نیت کرنا۔



2️⃣ بسم اللہ کہنا۔

3️⃣ دونوں ہاتھ انگلیاں پھیلا کر مٹی پر مارنا، ایک ہی ضرب میں۔



4️⃣ اپنے ہتھیلیوں سے چہرے پر مسح کرنا۔



5️⃣ دایاں ہاتھ کی ہتھیلی کے پیچھے کے حصے کو بایاں ہاتھ سے مسح کرنا۔


6️⃣ بایاں ہاتھ کی ہتھیلی کے پیچھے کے حصے کو دایاں ہاتھ سے مسح کرنا۔





اگر تمہیں پانی نہ مل سکے تو پاک مٹی
لو اور اس سے منہ اور ہاتھوں کا مسح
(یعنی تیمم) کر لو۔ خدا تم پر کسی طرح
کی تنگی نہیں کرنا چاہتا بلکہ یہ چاہتا
ہے کہ تمہیں پاک کرے اور اپنی
نعمتیں تم پر پوری کرے تاکہ تم شکر
کرو۔

سورۃ المائدہ :6



تیمم کا حکم دے کر اللہ نے ہمارے
لئے نماز اور ذکر میں آسانی عطا فرمائی۔



اسی لئے بچوں! جب ہمیں اللہ نے
اتنی سہولت عطا فرمائی ہے، تو ہم نماز
سے کبھی غافل نہیں ہونا چاہیے ۔

حلات تیمم

ان حالات میں تیمم کرنا جائز ہے



1️⃣ پانی نہ ملنے پر تیمم کیا جا سکتا ہے ۔

2️⃣ پانی میں ہاتھ ڈالنے سے اگر نقصان پہنچتا ہو تو تیمم کرنا جائز ہے ۔



3️⃣ شدید سردی کے وقت تیمم کرنا جائز ہے۔

4️⃣ شدید بیماری کی حالت میں تیمم کرنا جائز ہے ۔



تیمم کے لئے پاک مٹی ہی کا استعمال کرنا چاہیے ۔

اللہ پاک ہے اور پاکی کو پسند کرتا ہے اور ہمیں اس کی عبادت کرنے میں آسانی دیتا ہے ۔

تیمم کے تصاویر کو صحیح ترتیب سے نمبر لکھیں









صحیح جواب پر ✔ نشان بنائیں

علی اور سلمی والدین کے ساتھ باہر گیئے نماز کا وقت ہوا اور وضوء کے لئے پانی نہیں ملا تو وہ کیا کریں؟

- نماز بعد میں پڑھنا چاہئے ☐
- تیمم کرکے نماز وقت پر ادا کرنا چاہیے ☐

حامد کو شدید بخار ہے اور نماز کا وقت ہورہا ہے تو حامد کو کیا کرنا ہوگا؟

- بخار میں نماز چھوڑنا چاہیے ☐
- تیمم کرکے نماز وقت پر ادا کرنا چاہیے ☐

سردی کا موسم ہے سردی شدید ہے پانی کے استعمال سے طبیعت خراب ہو جاتی ہے اور نماز کا وقت ہے؟

- وضوء نہ کرنے کی وجہ سے نماز چھوڑ سکتے ہیں ☐
- تیمم کرکے نماز وقت پر ادا کرنا چاہیے ☐

نماز کا مقام



حضرت عمر رض کی روایت ہے کہ رسول ﷺ نے فرمایا : اسلام کے پانچ ارکان ہے، شہادت دینا کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد ﷺ اللہ کے بندے اور رسول ہے ، نماز قائم کرنا، زکوٰۃ دینا، رمضان کے روزے رکھنا ، اللہ کے گھر کا حج کرنا۔

بخاری: 8



نبی ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن سب سے پہلے جس چیز کا بندہ حساب دے گا وہ نماز ہے، اگر وہ درست ہو جائے تو وہ فلاح پایا اور نجات ہوگیٔ ، اور اگر وہ خراب ہو جائے تو وہ مایوس ہوگا اور خسارے میں ہوگا۔

ابوداؤد :864



اس حدیث سے پتہ چلتا ہے کہ نماز اسلام کا دوسرا اہم رکن ہے اور افضل عمل ہے ۔

نماز پڑھنے کا حکم

ہر مسلمان پر دن میں پانچ بار نماز پڑھنا فرض ہے۔ نماز کو اس کے وقت پر ادا کرنا مومن کی صفت ہے اور اللہ اسے پسند کرتا ہے ۔



عبداللہ بن مسعود رض کہتے ہیں میں نے نبی ﷺ سے پوچھا: کونسا عمل اللہ کو سب سے زیادہ محبوب ہے؟ نبی ﷺ نے فرمایا : وقت پر نماز پڑھنا۔

بخاری:527



اللہ میرے والدین کو جزائے خیر دے کہ انہوں نے مجھے پانچ وقت کی نماز پڑھنا سکھایا، جو میری جنت کا راستہ ہے ۔

صحیح جواب پر ✔ نشان بنائیں

نماز دین اسلام کا کونسا رکن ہے؟

- دوسرا رکن
- پہلا رکن

حدیث میں بتایا گیا، قیامت کے دن انسان کو سب سے پہلے کس چیز کا حساب دینا ہوگا؟

- صدقہ
- نماز

کونسا عمل اللہ کو سب سے زیادہ محبوب ہے؟

- روزہ رکھنا
- وقت پر نماز پڑھنا

حدیث:

حضرت عبادہ بن صامت رض کہتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا: اللہ نے اپنے بندوں پر دن اور رات میں پانچ نمازیں فرض کی ہے، جو انکی حفاظت کرتا ہے اس کے لیے اللہ کا وعدہ ہے کہ وہ اسے جنت میں داخل کرے گا ۔

ابوداؤد :1420

صحیح جواب پر ✔ نشان بنائیں

اس حدیث میں نماز کی حفاظت کرنے والوں کا کیا نتیجہ بتایا گیا؟

- ☐ جنت میں داخل ہوں گے
- ☐ آسان حساب ہوگا

دن اور رات میں اللہ نے ہم پر کتنی نمازیں فرض کی ہے؟

- ☐ پانچ
- ☐ چار